# Media Update

1st March 2023

# FAO

PRESS RELEASE

## UN's FAO and the GOP join forces to assist flood-weary farmers in the country, thanks to ADB & Japan - USD 5 million grant

Islamabad: The Food and Agriculture Organization of the United Nations (FAO) and the Government of Pakistan today signed a USD 5 million funding agreement for a project through which FAO will contribute to the Government's efforts to recover from the devastating floods that hit the country and Balochistan in particular, in 2022.

The collaboration between FAO and the Balochistan Agriculture & Cooperatives Department (BACD) represents the first time that FAO has received funds by and through a Government in its role as recipient of funding from the Asian Development Bank (ADB). Indeed, this project follows ADB's approval of a USD 5 million grant to provide Emergency Flood Assistance and to strengthen the country's disaster and climate resilience, and food security. The ADB Grant was in turn financed by the Japan Fund for Prosperous and Resilient Asia and the Pacific (JFPR) and is part of the larger USD 475 million Emergency Assistance Loan (EAL) and USD 3 million technical assistance grant approved by ADB in December 2022.

The assistance responds to the Government of Pakistan's request to support its post-flood recovery and reconstruction efforts, and is aimed at supporting the restoration of irrigation, drainage, flood risk management, on-farm water management, and transport infrastructure in the flood-affected provinces of Balochistan, Khyber Pakhtunkhwa, and Sindh.

The additional financing of the JFPR Grant expands the scope of ADB's post-flood rehabilitation efforts, particularly by supporting (i) urgent provision of climate-resilient seeds for staple crop cultivation and (ii) women-led livelihoods to meet basic household needs, incorporating measures to strengthen community resilience to disasters caused by natural hazards.

Through this project, FAO will ensure the provision of climate-adaptive rice seeds to 60000 farm households for the next Kharif sowing season in order to increase productivity in four Balochistan districts most affected by the 2022 floods; Nasirabad, Jaffarabad, Usta-Mohammad and Sohbatpur. The seeds will be sown over approximately 30 percent of the total rice cropping area of the target districts. FAO will also support women's livelihoods in agriculture by providing them with durable farming toolkits to facilitate farming activities and with protective footwear for safer rice transplanting.

The project builds on FAO's immediate response to the floods in Nasirabad division by supporting smallholder farmers in planting for the Rabi season. It also reinforces the FAO Director-General's pledge at the International Conference on Climate Resilient Pakistan last January in Geneva, when he ensured that: "FAO will continue to play a leading role in transforming Pakistan's agri-food systems to make them more efficient, inclusive, sustainable and resilient, a challenge that has gained in urgency following recent floods that have devastated the country's agriculture sector."

A grant signing ceremony was held at the Economic Affairs Division (EAD) between the Government of Pakistan and ADB. Also present were Kazim Niaz, Federal Secretary for Economic Affairs and Takahiro Yashi, the Executive Director of Japan to ADB, and a representative of the Japanese Embassy in Pakistan.

**For more information**

Contact: Shariq Aziz, Snr. Communications Associate, FAO,
Phone: 0321 3082691, Email: shariq.aziz@fao.org

# UNODC

PRESS RELEASE

## 6th Provincial Steering Committee reinforces a new Rule of Law Roadmap for Balochistan

28 February 2023, Quetta – The Steering Committee on the Rule of Law Roadmap (RoLR) Balochistan convened its 6th session on 28 February, 2023 in Quetta to celebrate the successful completion of the first five-year phase of reforms and launch a new chapter for the RoL Roadmap developed for 2023-26.

During the meeting, key stakeholders renewed their commitment to advance evidence-based reforms in the rule of law sector with the aim of furthering public trust and confidence in law enforcement institutions in Balochistan.

In his opening remarks, Mr. Zahid Saleem, Additional Chief Secretary Home & Tribal Affairs, Government of Balochistan praised all institutions and departments for their dedication in implementing key reforms under the roadmap. He highlighted the importance of the new five-year chapter, which will build on achievements of the previous phase to continue to strengthen rule of law, effective administration of justice and best practices for the benefit of all citizens, especially the most marginalized ones. He thanked the European Union for its financial support, as well as UNODC for their technical support.

The RoL Roadmap has adapted a results-based methodology to inform institutional decisions and improve system-wide performance. The meeting provided a convergence platform to Rule of Law institutions and development partners to deliberate on the progress of the roadmap. Overall, the results of the first phase report an increase in the conviction rate from 20% in 2019 to 40% in 2023 for serious and violent crimes whilst the number of Under-Trial Prisoners (UTPs) reduced to 11.2% from 1122 in 2019 to 900 in 2023.


E-mail: unic-islamabad@un.org, Web: www.pakistan.un.org

For the first time, the representatives of the Balochistan Police, Prosecution, Prisons, Levies, and Reclamation and Probation Departments presented their institutional progress against RoL provincial set targets. Challenges and successes of criminal justice institutions to address fundamental issues through sector coordination were shared. A way forward was also discussed for the implementation of RoLR against PKR 50 million allocated by the Government of Balochistan.

The 6th Steering Committee also highlighted other key successes, including 13.5% increase in forensic case submissions and 1.11% increase in the number of female police officers in Balochistan; 5% increase in persons bailed by the Balochistan Levies Force and training of 135 Levies Investigation Officers including 7 women; Prisons Management Information System (PMIS) installed and functioning in 11 prisons; training of 153 prosecutors comprising of 88% men and 11.1% women participants; MoU signed on 5 September, 2022 between Police and Prosecution Departments to improve coordination and cooperation before, during, and after the investigations; review of the Reclamation and Probation Act and a training on Legislative Drafting.

Present on the occasion, Mr. Sven Ruesch, Team Leader Governance and Education, EU Delegation in Pakistan recalled that good governance, including Efficient rule of law and human rights are among the key policy priorities of the EU - globally and in Pakistan. “The new rule of law roadmap sets important milestones for the Government of Balochistan to actively advance the delivery of justice, peace, and security for its people, particularly women and girls”, he stressed. “We are pleased to support you towards this shared objective.”

In addition to the EU Delegation, representatives from UN partner agencies of UNDP and UN Women were also present.

Ms. Jouhaida Hanano, Criminal Justice and Reforms Advisor from the UNODC Country Office in Pakistan, stressed the necessity for working through a shared responsibility to drive forward results-based change. She thanked the Government of Balochistan and RoL institutions for their steady commitment and the EU for its generous funding for continuing the momentous journey of the rule of law reforms for improved justice delivery to the people of Balochistan.

The meeting concluded with a launching ceremony of the curriculum, comprising of 12 training manuals developed in coordination and consultation with UNODC for the Criminal Justice Institutions of Balochistan. These specialized manuals have been developed and endorsed by the respective CJIs, to bridge knowledge and skills gaps of the relevant RoL Institutions at different levels. The objective is to institutionalize the integration of these manuals in the existing training regime of CJIs, covering the “Training of Trainers” and “Mentoring” phases for the sustainability of the initiative.

Mr. Ziaullah Langau, Minister of Home and Tribal Affairs for the Government of Balochistan, thanked all stakeholders for their contributions, particularly the EU for its financial support and the UNODC for its ongoing technical assistance. He emphasized the Government of Balochistan's commitment to advancing the reforms under the Rule of Law Roadmap, and improving people's lives through peace, security, and justice for all.

The 6th Steering Committee also highlighted ongoing achievements under the EU-funded ‘Deliver Justice Project’, as part of which 5 police stations have been refurbished and converted into Smart Police Stations and a Khidmat Markaz, offering speedy access to policing services for the citizens under one roof. Similarly, the Balochistan Judicial Academy has been resourced with books and research material, and refurbished with furniture, IT support and digitalization, providing the basis for setting up a state-of-the-art Judicial Academy Library and Research Centre.

The Rule of Law Roadmap was initially approved for four years (2018–2022) and expired in May 2022. A recent evaluation of the Roadmap was carried out to inform a revised RoLR to build on the trajectory for another four years (2023–2026) in order to consolidate, sustain, scale up, and institutionalize good practices, and data-informed approaches in the justice sector of Balochistan. Both the evaluation findings and the final RoLR were presented to and endorsed by the 6th Steering Committee. The revised document will be submitted to the Chief Minister of Balochistan to be presented to the cabinet for their approval.

For more information, kindly contact Rizwana Rahool, Communications Officer via 0301-8564255 and/or rizwana.asad@un.org

# بلوچستان میں قانون کی حکمرانی پروگرام کے نئے روڈمیپ پر چھٹی صوبائی سٹیرنگ کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (28فروری 2023) - بلوچستان میں قانون کی حکمرانی پروگرام کے روڈمیپ کے سلسلے میں بنائی گئی سٹیرنگ کمیٹی کا چھٹا اجلاس 28 فروری 2023 کو کوئٹہ میں منعقد ہوا جس میں اصلاحات کے پہلے پانچ سالہ مرحلے کی کامیاب تکمیل اور 2023-26 کے لئے تیار کئے گئے نئے روڈمیپ کے اجراء پر مسرت و اطمینان کا اظہار کیا گیا۔

اجلاس کے دوران اہم متعلقہ فریقوں نے قانون کی حکمرانی کے میدان میں شواہد پر مبنی اصلاحات کے عمل کو آگے بڑھانے کے پختہ عزم کا اظہار کیا تاکہ بلوچستان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عوام کے اعتماد اور بھروسے کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔

محکمہ داخلہ و قبائلی امور، حکومتِ بلوچستان کے آڈیشنل سیکرٹری جناب زاہد سلیم نے اپنے ابتدائی کلمات میں روڈمیپ کے تحت اہم اصلاحات پر عملدرآمد کے سلسلے میں پوری لگن اور محنت کے ساتھ کام کرنے پر تمام اداروں اور محکموں کی تعریف کی۔ نئے پانچ سالہ روڈمیپ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ گزشتہ مرحلے کی کامیابیوں کو آگے بڑھاتے ہوئے قانون کی حکمرانی کے نظام کو مستحکم بنانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور تمام شہریوں بالخصوص انتہائی محروم طبقات کے لئے فراہمی انصاف کے موثر انتظامات اور بہترین مروجہ طریقوں کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے اس پروگرام کے لئے مالی تعاون پر یورپی یونین اور تکنیکی معاونت پر یو این او ڈی سی کا شکریہ ادا کیا۔ روڈمیپ کے تحت اداروں کی سطح پر فیصلے کرنے اور پورے نظام کی کارکردگی بہتر بنانے کے لئے نتائج پر مبنی طریقہ کار اپنایا گیا ہے۔ اجلاس کی بدولت تمام متعلقہ اداروں اور ترقیاتی پارٹنرز کو مل کر روڈمیپ میں ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لینے کا موقع ملا۔ مجموعی طور پر پہلے مرحلے کے نتائج کے مطابق 2023 میں سنگین اور پرتشدد جرائم پر سزا کے تناسب میں 20 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ زیرِسماعت قیدیوں کی تعداد 2019 میں 1122 تھی جو 11.2 فیصد کمی کے ساتھ 2023 میں 900 رہ گئی ہے۔

اجلاس میں پہلی بار بلوچستان پولیس، پراسیکیوشن، جیل خانہ جات، لیویز اور ریکلیمیشن اینڈ پروبیشن ڈپارٹمنٹ کے نمائندوں نے صوبائی سطح پر قانون کی حکمرانی سے متعلق طے شدہ اہداف پر اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی پیش کی۔ فوجداری نظام انصاف کے اداروں میں اس شعبے کی سطح پر باہمی روابط کے ذریعے بنیادی مسائل کو دور کرنے میں پیش آنے والی مشکلات اور اس حوالے سے حاصل ہونے والی کامیابیوں کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ آئندہ لائحہ عمل کے تحت حکومتِ بلوچستان کی جانب سے مختص کی گئی 50 ملین روپے کی رقم سے روڈمیپ پر عملدرآمد سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

سٹیرنگ کمیٹی کے چھٹے اجلاس میں دیگر اہم کامیابیوں کو بھی اجاگر کیا گیا جن میں فورانزک کیس جمع کرانے کی شرح میں 13.5 فیصد اضافہ، بلوچستان میں خواتین پولیس افسران کی تعداد میں 1.11 فیصد اضافہ، بلوچستان لیویز فورس سے ضمانت یافتہ افراد کے تناسب میں 5 فیصد اضافہ اور 7 خواتین سمیت لیویز کے 135 انوسٹی گیشن آفیسرز کی تربیت، 11 جیلوں میں ’پریزن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (پی ایم آئی ایس)‘ کا اجراء، 88 فیصد مردوں اور 11.1 فیصد خواتین پر مشتمل 153 پراسیکیوٹرز کی تربیت، تحقیقات و تفتیش سے پہلے، اس کے دوران اور اس کے بعد باہمی رابطہ اور تعاون بہتر بنانے کے لئے ستمبر 2022 میں پولیس اور پراسیکیوشن کے محکموں کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر

دستخط، ریکلیمیشن اینڈ پروبیشن ایکٹ کا جائزہ اور قانون سازی کے مسودہ کی تیاری پر تربیت خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

اجلاس میں یورپی یونین مندوب کے شعبہ گورننس اینڈ ایجوکیشن کے ٹیم لیڈر جناب سوین روئش نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق سمیت عمدہ طرزِحکمرانی کا فروغ دنیا بھر میں اور بالخصوص پاکستان میں یورپی یونین کی اہم پالیسی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قانون کی حکمرانی کے نئے روڈمیپ میں فراہمی انصاف، قیام امن و سلامتی اور بالخصوص خواتین اور لڑکیوں کے تحفظ کے حوالے سے بلوچستان حکومت کے لئے اہم اہداف طے کر دئیے گئے ہیں۔ انہوں نے اس مشترکہ مقصد کے حصول کے لئے مل کر کام کرنے پر خوشی کا اظہار کیا۔

یورپی یونین مندوب کے علاوہ اقوامِ متحدہ کے پارٹنر اداروں یو این ڈی پی اور یو این ویمن کے نمائندوں نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

پاکستان میں یو این او ڈی سی کنٹری آفس کے شعبہ کریمنل جسٹس اینڈ ریفارمز کی مشیر محترمہ جوہائدو ہانانو نے مشترکہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے نتائج پر مبنی تبدیلی کے عمل کو آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے پروگرام کے سلسلے میں حکومتِ بلوچستان اور قانون کی حکمرانی سے متعلق اداروں کی انتھک محنت اور یورپی یونین کی جانب سے مالی تعاون کی فراہمی پر ان کا شکریہ ادا کیا جس کی بدولت بلوچستان کے عوام کو فراہمی انصاف میں بہتری لانے کے لئے اصلاحات کا تاریخی عمل مسلسل جاری ہے۔

اجلاس کے آخر میں بلوچستان میں فوجداری نظامِ انصاف کے اداروں کے لئے یو این او ڈی سی کی کوآرڈینیشن اور مشاورت سے تیار کئے گئے 12 تربیتی کتابچوں پر مشتمل نصاب کی تقریب اجراء منعقد کی گئی۔ یہ کتابچے فوجداری نظامِ انصاف کے متعلقہ اداروں نے تیار کئے ہیں اور ان اداروں نے ان کی توثیق کی ہے جن کی بدولت قانون کی حکمرانی سے متعلق اداروں میں مختلف سطح پر پائی جانے والی علوم اور مہارتوں کی کمی کو دور کرنے میں مدد ملے گی۔ ان تمام سرگرمیوں کا مقصد ان کتابچوں کو متعلقہ اداروں میں رائج تربیتی نظام کا حصہ بنانا ہے جن میں اس کاوش کو پائیدار بنانے کے لئے "تربیت کاروں کی تربیت" اور "رہنمائی و سرپرستی" جیسے موضوعات کا احاطہ بھی کیا گیا ہے۔
بلوچستان حکومت کے وزیرِ داخلہ و قبائلی امور جناب ضیا اللہ لانگو نے پروگرام کے سلسلے میں اپنا اپنا کردار ادا کرنے پر تمام متعلقہ فریقوں بالخصوص مالی تعاون پر یورپی یونین اور تکنیکی معاونت پر یو این او ڈی سی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے قانون کی حکمرانی روڈمیپ کے تحت اصلاحات کے عمل کو آگے بڑھانے اور سب کے لئے امن، سلامتی اور انصاف کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لئے حکومتِ بلوچستان کے پختہ عزم کا اعادہ بھی کیا۔

چھٹی سٹیرنگ کمیٹی کے شرکا کو یورپی یونین کے مالی تعاون سے "ڈلیور جسٹس پراجیکٹ" کے تحت ہونے والی کامیابیوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔ پراجیکٹ کے تحت 5 پولیس سٹیشنوں میں جدید سہولیات کی فراہمی کے ذریعے انہیں سمارٹ پولیس سٹیشنوں میں تبدیل کیا گیا ہے، اور ایک خدمت مرکز کے ذریعے شہریوں کو ایک چھت تلے پولیس خدمات تک تیز رسائی فراہم کرنے کے انتظامات کئے گئے ہیں۔ اسی طرح بلوچستان جوڈیشل اکیڈمی میں کتب اور تحقیقی مواد کی فراہمی کے ساتھ ساتھ فرنیچر بھی فراہم کیا گیا ہے اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں معاونت اور ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے اسے ایک جدید جوڈیشل اکیڈمی لائبریری اینڈ ریسرچ سنٹر میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔

سٹیرنگ کمیٹی کے چھٹے اجلاس کے بعد یکم مارچ کو ایک سمارٹ پولیس سٹیشن اور جوڈیشل اکیڈمی لائبریری اینڈ ریسرچ سنٹر کا افتتاح بھی کیا جا رہا ہے جو یورپی یونین کے مالی تعاون اور یو این او ڈی سی کی تکنیکی معاونت سے قائم کئے گئے ہیں۔ کوئٹہ میں اس وقت پانچ سمارٹ پولیس سٹیشن موجود ہیں جو پولیس سرگرمیوں اور جوابی کارروائیوں کی ڈیجیٹلائزیشن کی حکمتِ عملیوں پر کام کر رہے ہیں۔ جوڈیشل اکیڈمی لائبریری میں کتب، تحقیقی مواد، ڈیجیٹلائزیشن کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی صورت میں معاونت اور فرنیچر کی فراہمی سے اکیڈمی کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

قانون کی حکمرانی پروگرام کے پہلے روڈمیپ کی منظوری چار سالہ مدت (2018-2022) کے لئے دی گئی تھی جو مئی 2022 میں پایہ تکمیل کو پہنچا۔ روڈمیپ کی حالیہ اویلیویشن کا مقصد نظرثانی شدہ اصلاحات کی تیاری کے لئے معلومات حاصل کرنا اور مزید چار سال (2023-2026) کے لئے اس عمل کو آگے بڑھانا تھا تاکہ اس کے تحت اپنائے گئے عمدہ طریقوں کا پیمانہ مزید وسیع کرتے ہوئے انہیں ٹھوس، پائیدار اور باقاعدہ شکل دی جائے اور شعبہ انصاف کی سرگرمیوں میں ڈیٹا کے استعمال پر مبنی طریقوں کو مزید فروغ دیا جائے۔ اویلیویشن سے حاصل ہونے والی معلومات اور قانون کی حکمرانی میں بہتری کے لئے تیار کی گئی حتمی اصلاحات بھی سٹیرنگ کمیٹی کے چھٹے اجلاس میں پیش کی گئیں اور ان کی توثیق کی گئی۔ نظرثانی شدہ دستاویز وزیراعلی بلوچستان کو جمع کرائی جائے گی جسے منظوری کے لئے کابینہ میں پیش کیا جائے گا۔

مزید معلومات اور استفسارات کے لئے رابطہ: محترمہ رضوانہ راہول، کمیونیکیشن آفیسر، موبائل +923018564255؛ فیکس: +92-51-2601469؛ ای میل: rizwana.rahool@un.org